# 10-02-2026 TUESDAY URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

## سرخیاں

......بی جے پی کے ریاستی صدر این رام چندر راؤ نے آج کہا کہ وہ اس اطلاع سے سخت صدمے میں ہیں ۔جس میں بتایا گیا ہے کہ مکتھل بلدی انتخابات میں حصہ لینے والے پارٹی امیدوار مہادیو پا نے خودکشی کرلی۔

......مرکزی وزیر جی کشن ریڈی اور راجیہ سبھا کے رکن ڈاکٹر کے لکشمن نے آج پارلیمنٹ میں مہادیو پا کی موت کا معاملہ اٹھایا۔

......ریاست میں بلدیاتی انتخابات کے لئے بہترین انتظامات کئے گئے ہیں۔

......سپریم کورٹ نے آج مرکز کو ملک کے مختلف حصوں سے بچوں کے لاپتہ ہونے کے واقعات سے متعلق نیٹ ورک کا فوری پتہ لگانے کا حکم دیا ہے۔

RAMCHANDAR RAO

بی جے پی کے ریاستی صدر این رام چندر راؤ نے آج کہا کہ وہ اس اطلاع پر سخت صدمے میں ہیں جس میں بتایا گیا ہے کہ مکتھل میونسپل انتخابات میں حصہ لینے والے بی جے پی امیدوار ایروکلا مہادیو پا نے نارائن پیٹ ضلع میں حکمراں کانگریس پارٹی کے مقامی قائدین کی جانب سے مبینہ ہراسانی اور دھمکیوں کے بعد اپنی جان لے لی۔ بی جے پی کے ریاستی صدر نے مکتھل روانگی سے قبل جاری اپنے بیان میں کہا کہ قبائلی طبقہ سے تعلق رکھنے والے مہادیو پا مقامی کانگریس قائدین کی مبینہ ہراسانی کو مزید برداشت نہ کرسکے، جو ان کے مطابق وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی کی سرپرستی میں کی جارہی تھی، اسی لیے انہوں نے یہ انتہائی قدم اٹھایا۔ واضح رہے کہ مہادیو پا مکتھل میونسپلٹی کے چھٹے وارڈ سے انتخابات میں حصہ لے رہے تھے۔

MAKTHAL

بی جے پی کے ریاستی صدر رام چندر راو مکتھل پہنچے جہاں انہوں نے سوگوار خاندان سے تعزیت کی اور پارٹی کارکنوں سے واقعہ پر بات چیت کی۔ بعد ازاں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے رامچند راؤ نے بتایا کہ مہادیو پا کی اہلیہ کے مطابق ان کے شوہر پُر اعتماد تھے، تاہم انہوں نے یہ بھی انکشاف کیا کہ مقامی کانگریس قائدین کی جانب سے ڈالے گئے دباؤ کے باعث ان کے شوہر نے اپنی جان لے لی۔ رامچند رراؤ نے اس طرح کے مظالم اور دھمکی آمیز سیاست کی سخت مذمت کی اور پولیس کو خبردار کیا کہ اگر قانون کے مطابق کارروائی نہیں کی گئی تو نتائج سنگین ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ کانگریس پارٹی درج فہرست قبائل (ایس ٹی) کے ساتھ جانبدارانہ رویہ اپنا رہی ہے، جو ایک قبائلی

خاندان اور قبائلی سماج کے ایک نوجوان کے ساتھ سنگین ناانصافی ہے۔ راؤ نے ضلع سپرنٹنڈنٹ آف پولیس سے مطالبہ کیا کہ وہ فوری طور پر جائے وقوعہ کا دورہ کریں، تحقیقات کرائیں اور غلط ایف آئی آر کی اصلاح کریں۔ انہوں نے کہا کہ پوسٹ مارٹم لازمی طور پر کیا جائے۔ ہم ان پولیس اہلکاروں کی فوری معطلی کا مطالبہ کرتے ہیں جنہوں نے غیر ذمہ دارانہ رویہ اختیار کرتے ہوئے ایف آئی آر میں ردوبدل کر کے جھوٹا مقدمہ درج کیا۔ بی جے پی کے ریاستی صدر نے اعلان کیا کہ اروکلا مہادیوپا کے خاندان کو 10 لاکھ روپے کی مالی امداد دی جائے گی اور یقین دہانی کرائی کہ پارٹی متاثرہ خاندان کے ساتھ کھڑی رہے گی۔ بی جے پی قائدین اور کارکنوں نے مکتھل کے امیدوار کو انصاف دلانے کے لیے حیدرآباد میں ڈی جی پی دفتر کے سامنے بڑے پیمانے پر احتجاج کیا۔ پولیس کی جانب سے مظاہرین کو روکنے کی کوشش کے دوران حالات کشیدہ ہوگئے۔

sound byte

KISHAN REDDY

مرکزی وزیر جی کشن ریڈی اور راجیہ سبھا کے رکن ڈاکٹر کے لکشمن نے آج پارلیمنٹ میں مہادیوپا کی موت کا معاملہ اٹھایا۔ انہوں نے ذمہ دار افراد کے خلاف سخت کارروائی کا مطالبہ کیا۔ لوک سبھا میں بیان دیتے ہوئے کشن ریڈی نے کہا کہ تلنگانہ کی کانگریس حکومت اس افسوسناک واقعہ کے حالات کی ذمہ دار ہے۔ انہوں نے وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی کے آبائی ضلع میں مبینہ دھونس اور دباؤ کی سیاست کی سخت مذمت کی۔ ڈاکٹر کے لکشمن نے کہا کہ راہل گاندھی، جو ہمیشہ آئین کی کتاب اٹھائے نظر آتے ہیں، کو اس واقعہ پر ردعمل ظاہر کرنا چاہیے۔

BANDAI SANJAY

مرکزی وزیر بنڈی سنجے نے آج تلنگانہ کے وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی کو ایک کھلا خط لکھا، جس میں سرکاری ملازمین، اساتذہ اور ریٹائرڈ ملازمین کے بقایاجات۔ ڈی اے، پی آر سی واجبات اور ریٹائرمنٹ فوائد کی فوری ادائیگی کا مطالبہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ تین لاکھ سے زائد حاضر سروس اور چار لاکھ ریٹائرڈ ملازمین کے لیے پانچ ڈی اے بقایا ہیں۔ بنڈی سنجے نے حکومت پر گریجویٹی، ای پی ایف اور رخصتی انکیشمنٹ روکنے پر تنقید کی اور جولائی 2023 سے پی آر سی پر عمل درآمد نہ ہونے کی نشاندہی کی۔ انہوں نے ملازمین کے تئیں حکومت کے لاپرواہ رویے کی مذمت کرتے ہوئے کہا کہ پی آر سی رپورٹ کے حصول میں بھی غیر معمولی تاخیر ہوئی ہے۔

YADADRI

یادادری بھونگیر ضلع میں بلدیاتی انتخابات کے لیے انتظامات کو حتمی شکل دے دی گئی ہے۔ ایم پی ڈی او۔ دفاتر میں بیلٹ بکس اور دیگر انتخابی سامان تقسیم کیا گیا۔ آلیر، بھونگیر اور دیگر علاقوں کے پولنگ اسٹیشنوں پر پُرامن اور آزادانہ رائے دہی کو یقینی بنانے کے لیے سخت حفاظتی انتظامات کیے گئے ہیں۔

MAHABUB NAGAR

ضلع کلکٹر وجیندر بھوئی نے اعلان کیا کہ محبوب نگر میونسپل کارپوریشن، بھوت پور اور دیورکدرا بلدیات میں پرامن انتخابات کے لیے تمام

انتظامات مکمل کر لیے گئے ہیں۔محبوب نگر میں انتخابی سامان کی تقسیم کا معائنہ کرنے کے بعد کلکٹر نے بتایا کہ کارپوریشن میں 59 ڈویژنس، دیورکدرا میں 12 وارڈس اور بھوت پور میں 10 وارڈس کے لیے رائے دہی ہوگی۔انہوں نے اس بات کی نشاندہی کی کہ شہری علاقوں میں عموماً دیہی علاقوں کے مقابلے ووٹنگ کا تناسب کم رہتا ہے، لہٰذا تمام ووٹروں سے اپیل کی کہ وہ بڑی تعداد میں ووٹنگ میں حصہ لے کر اپنے جمہوری حق کا استعمال کریں۔

## RAJANNA SIRCILLA

راجنا سرسیلہ ضلع کی کلکٹر گریما اگروال نے انتخابی مبصر ڈاکٹر سرینواس ریڈی کے ہمراہ بلدیاتی انتخابات سے قبل سرسیلہ اور ویمولا واڑہ میں پولنگ سامان کی تقسیم کے مراکز کا معائنہ کیا۔کلکٹر نے ووٹروں سے بڑی تعداد میں رائے دہی میں حصہ لینے کی اپیل کی اور عملے کو ہدایت دی کہ وہ ریاستی الیکشن کمیشن کے ضوابط پر سختی سے عمل کریں۔ان انتخابات میں سرسلہ کے 39 وارڈس کے لیے 117 پولنگ اسٹیشنس اور ویمولا واڑہ کے 28 وارڈس کے لیے 58 پولنگ اسٹیشنس قائم کیے گئے ہیں۔سرسلہ میں ووٹروں کی تعداد 81,959 جبکہ ویمولا واڑہ میں 40,877 ہے۔پولنگ کے بعد تمام عملے کو ہدایت دی گئی ہے کہ وہ بیلٹ بکس اور متعلقہ دستاویزات استقبالی مراکز میں جمع کرائیں۔ ووٹوں کی گنتی 13 فروری کو سرسلہ اور ویمولا واڑہ کے چنارے کلا مندر میں کی جائے گی۔دونوں بلدیات میں انتخابی عمل کی نگرانی کے لیے ریٹرننگ افسران اور ان کے معاونین مقرر کیے گئے ہیں۔

## PEDDAPALLY

رام گنڈم کے پولیس کمشنر امبر کشور جھا نے کہا کہ بلدیاتی انتخابات کے پرامن انعقاد کے لیے سخت اور مؤثر حفاظتی انتظامات کیے گئے ہیں۔ انہوں نے واضح کیا کہ ووٹروں کو متاثر کرنے ،رشوت خوری یا تشدد جیسی غیر قانونی سرگرمیوں کے خلاف سخت کارروائی کی جائے گی۔امبر کشور جھا نے عوام سے اپیل کی کہ وہ آزاد، محفوظ اور پُرامن ماحول میں بلاخوف اپنے حق رائے دہی کا استعمال کریں۔

## HOLIDAY

تلنگانہ حکومت نے بلدیاتی کارپوریشن اور میونسپل انتخابات میں ووٹنگ کو آسان بنانے کے لیے کل ایک دن کی تنخواہ کے ساتھ تعطیل کا اعلان کیا ہے۔محکمہ محنت نے متعلقہ ریاستی قوانین کے تحت انتخابی حدود میں واقع تمام کارخانوں، دکانوں اور تجارتی اداروں پر اس حکم کا اطلاق کرتے ہوئے احکامات جاری کیے ہیں۔حکومت نے لیبر کمشنرز، فیکٹری ڈائریکٹرس اور ضلع کلکٹرس کو سختی سے عمل آوری اور پرامن رائے دہی کو یقینی بنانے کی ہدایت دی ہے۔اس اقدام سے ملازمین بغیر اجرت کے نقصان کے اپنے حقِ رائے دہی کا استعمال کرسکیں گے۔

## MISSING CHILDREN

سپریم کورٹ نے آج مرکز سے ملک کے مختلف حصوں سے بچوں کے لاپتہ ہونے کے واقعات کے پیچھے کوئی ملک گیر نیٹ ورک ہے یا ریاست کا مخصوص گروہ اس کا پتہ لگانے کو کہا۔جسٹس بی وی ناگارتنا اور اجل بھویان کی بنچ نے یہ معلوم کرنے کی ضرورت پرزور دیا کہ آیا ان واقعات کے پیچھے کوئی نمونہ ہے یا یہ بے ترتیب واقعات ہیں۔سپریم کورٹ نے مرکز سے کہا کہ وہ تمام ریاستوں سے ڈیٹا اکٹھا کرے۔

عدالت عظمیٰ نے تجویز دی کہ جن بچوں کو بچایا گیا ہے ان کا انٹرویو کیا جائے تاکہ یہ معلوم کیا جاسکے کہ اس طرح کے واقعات کا ذمہ دار کون ہے۔ ایڈیشنل سالیسٹر جنرل ایشوریہ بھاٹی، مرکز کی طرف سے پیش ہوئے، انہوں نے کہا کہ مرکزی حکومت ریاستوں سے مکمل ڈیٹا حاصل کرنے کے بعد ہی تجزیہ کیا جاسکتا ہے۔ بنچ نے ان ریاستوں کو تنقید کا نشانہ بنایا جنہوں نے اعداد وشمار فراہم نہیں کیے ہیں، اور کہا کہ اگر ضرورت پڑی تو وہ اس سلسلے میں سخت احکامات دے سکتی ہے۔

NABARD

آج حیدرآباد میں ترجیحی شعبوں کی طرف قرض کے بہاؤ کو مضبوط بنانے کے لیے نابارڈ نے تلنگانہ کے لیے اسٹیٹ کریڈٹ سیمینار 2026-27 کا انعقاد کیا۔ تقریب کے دوران، ریاستی فوکس پیپر جاری کیا گیا، جس میں 2026-27 کے مالی سال کے لیے 4.43 لاکھ کروڑ کی مجموعی ترجیحی شعبے کے کریڈٹ کی صلاحیت کا اندازہ لگایا گیا۔ یہ تخمینہ پچھلے سال کے مقابلے میں 15 فیصد اضافے کی عکاسی کرتا ہے، جس میں MSMEs میں نمایاں نمو متوقع ہے۔ ہاؤسنگ، اور زراعت . چیف سکریٹری رام کرشنا راؤ نے اس دستاویز اور تلنگانہ رائزنگ ویژن 2047 کے درمیان صف بندی پر روشنی ڈالی، 2047 تک 3 ٹریلین امریکی ڈالر کی معیشت تک پہنچنے کے ریاست کے ہدف پر زور دیا۔ کرائے دار کسانوں کی حمایت، زرعی کاروبار کے ماڈل کو بڑھانے اور موسمیاتی تبدیلی کے خطرات سے نمٹنے پر بات چیت کی۔ سیمینار نے حکومتی عہدیداروں، بینکوں اور اسٹیک ہولڈرز کے لیے تلنگانہ میں پائیدار دیہی خوشحالی کو آگے بڑھانے کی کوششوں کو مربوط کرنے کے لیے ایک باہمی پلیٹ فارم کے طور پر کام کیا۔

ICC T 20

آئی سی سی مینز ٹی 20 ورلڈ کپ میں گروپ ڈی کا مقابلہ نیوزی لینڈ اور متحدہ عرب امارات (یو اے ای) کے درمیان چنئی کے ایم اے چدمبرم اسٹیڈیم میں جاری ہے۔ متحدہ عرب امارات نے ٹاس جیت کر بیٹنگ کا فیصلہ کیا۔ ایک اور میچ میں نیدرلینڈز نے آج سہ پہر دہلی کے ارون جیٹلی اسٹیڈیم میں گروپ اے کے میچ میں نمیبیا کو 7 وکٹوں سے شکست دی۔ نیدرلینڈز 157 رنز کے ہدف کا تعاقب 18 ویں اوور میں باس ڈی لیڈے کی 72 رنز کی ناقابل شکست اننگز کی مدد سے کرنے میں کامیاب ہوگیا۔ دن کے تیسرے میچ میں پاکستان کا مقابلہ کولمبو کے سنہالیز اسپورٹس کلب میں شام 7 بجے سے امریکہ سے ہوگا۔

BOOK

سابق آرمی چیف جنرل ایم ایم نراوانے کی کتاب فور اسٹارز آف ڈیسٹنی سے متعلق تنازعہ بدستور جاری ہے۔ سوشل میڈیا پر کتاب کی غیر مجاز ترسیل کی شکایت کے بعد پینگوئن رینڈم ہاؤس انڈیا نے وضاحت کی ہے کہ ابھی تک کتاب کی کوئی سرکاری نقل شائع نہیں ہوئی ہے، اور فی الحال صرف غیر سرکاری نسخے گردش میں ہیں۔

CAMPS

ضلع دیہی ترقیاتی افسر دتاراؤ نے عوام سے اپیل کی ہے کہ وہ ضلع آصف آباد میں منعقد کیے جانے والے خصوصی کیمپوں سے استفادہ کریں۔

ان کیمپوں میں

16 تاریخ کو خون کی کمی (انیمیا)، سکل سیل اور تھیلیسیمیا،

17 تاریخ کو سماعت اور گویائی سے متعلق مسائل،

18 تاریخ کو آنکھوں کے امراض،

20 تاریخ کو ہڈیوں اور جوڑوں سے متعلق مسائل،

جبکہ 15 تاریخ کو ذہنی معذوری سے متعلق خدمات ضلع اسپتال میں فراہم کی جائیں گی۔